تسہیل
مکمل تفسیر
بیان القرآن
۱۴۲۷ھ
حکیم الامت مجدد الملت
حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ
تسہیل و تلخیص
شیخ الاسلام علامہ ظفر احمد عثمانی صاحب رحمہ اللہ
ادارہ تالیفات اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(061-4540513-4519240
www.ahlehaq.org

آسان
مکمل تفسیر
بیان القرآن

۱۴۲۶ھ

حکیم الامت مجدد الملت

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ

تسہیل و تلخیص

شیخ الاسلام علامہ ظفر احمد عثمانی صاحب رحمہ اللہ

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ

چوک فوارہ ملتان پاکستان

(061-4540513-4519240

آیاتُها ٧ (١) سُورَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ (٥) رُكُوعُها ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣

سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو مربی ہیں ہر ہر عالم کے (١) جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں جو مالک ہیں روز جزا کے (٢)

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ

ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے درخواست اعانت کرتے ہیں (٣) بتلا دیجئے ہم کو رستہ سیدھا (٤) رستہ اُن لوگوں کا

الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧

کہ اُن پر آپ نے انعام فرمایا ہے (٥) نہ رستہ اُن لوگوں کا جن پر آپ کا غضب کیا گیا اور نہ اُن لوگوں کا جو رستہ سے گم ہو گئے (٦)

(١) مخلوقات کی الگ الگ جنس ایک ایک عالم کہلاتا ہے مثلاً عالم ملائکہ عالم انسان عالم جن۔

(٢) مراد روزِ جزا سے قیامت کا دن ہے کہ اس میں سب اپنے کئے ہوئے کا بدلہ پائیں گے۔

(٣) یہ بندہ کی طرف سے جناب باری میں خطاب ہے۔

(٤) مراد دین کا رستہ ہے۔

(٥) مراد دین کا انعام ہے۔ ان انعام والوں کا پتہ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں دوسری جگہ بتلا دیا ہے کہ وہ انبیاء اور صدیقین اور شہداؤ صالحین ہیں وہ آیت یہ ہے وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ الآیة

(٦) راہِ ہدایت کو چھوڑنے کی دو وجہ ہوا کرتی ہیں ایک تو یہ کہ اُس کی پوری تحقیقات نہ کرے ضالین سے مراد ایسے لوگ ہیں۔ دوسری وجہ یہ کہ باوجود پوری تحقیقات کے اُس پر عمل نہ کرے **مغضوب علیھم** سے مراد ایسے لوگ ہیں۔ کیونکہ اچھی طرح جان بوجھ کر خلاف کرنے میں زیادہ ناراضی ہوا کرتی ہے۔